© rasailojaraid.com



ذوق حضرات کو معلوم ہے کہ اس زبان کو اللہ تعالیٰ نے کس قدر شیرینی سے نوازا ہے پھر مولانا خلفی صاحب نے اس پر فارسی ادب کی چاشنی سے مملو جو مقدمہ تحریر کیا ہے وہ خاصے کی چیز ہے اور فارسی ذوق رکھنے والے اس کے مطالعہ سے حظ و افر اٹھائیں گے اللہ تعالیٰ مئولف اور مترجم دونوں کو اجر جزیل سے نوازیں۔اور مولانا عبدالرحمٰن خلفی کو مزید توفیق ارزانی فرمائے کہ دیگر کتابوں کا انتخاب کر کے ان کو فارسی زبان میں منتقل کرے۔

کتاب: تاریخ کے بکھرے موتی مؤلف: مولانا محمد اصغر کانالوی

ضخامت: ۵۲۴ قیمت: ۲۵۰ ناشر: زمزم پبلشر کراچی

یوں تو تاریخ کے کتب تاریخی واقعات سے بھرے پڑے ہیں' لیکن اس دور کے کمزور استعداد اور کمزور طبیعتوں والوں کے لئے ان کتابوں سے استفادہ کرنا یا طویل عبارتوں کی وجہ سے یا ضخیم جلدوں کی مہنگی قیمتوں کی وجہ سے خاصہ مشکل ہے۔اس لئے ایک ایسی کتاب کی ضرورت تھی جو تاریخی کتابوں سے دلچسپ واقعات لے کر مرتب کی گئی ہو۔زیر نظر کتاب مستقل تاریخی کتاب نہیں بلکہ دلچسپ تاریخی واقعات' تاریخی تقاریر' تاریخی خطوط تاریخی نصیحتیں' تاریخی خواب تاریخی فیصلے تاریخی جنگوں کے مختصر مگر پُر اثر حالات کا حسین گلدستہ ہے' جس میں مؤلف موصوف نے اکتالیس کتب تواریخ سے انتخاب کیا ہے۔اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے۔مؤلف موصوف کو جنھوں نے شائقین تاریخ کے اس آرزو کو پوری کر کے احسان عظیم فرمایا۔فجزہ اللہ عنا وعن سائر المسلمین احسن الجزاء.


داعی قرآن مفکر اسلام و داعی انقلاب اسلامی

ڈاکٹر اسرار احمدؒ

کے دروس قرآن و خطابات عام

ترجمہ وتفسیر قرآن۔اسلامی عقائد، قیام خلافت اور اس کے لوازم و مدارج اسلام کی سیاسی،

سماجی و معاشرتی تعلیمات و دیگر علمی وفکری موضوعات پر مشتمل

کتب۔سی ڈیز۔ڈی وی ڈیز

مکتبہ خدام القرآن سے خصوصی رعایتی قیمت پر حاصل کریں۔

کتب و سی ڈیز کی مکمل فہرست بلا معاوضہ حاصل کی جا سکتی ہے۔

پتہ: مکتبہ خدام القرآن 36-K ماڈل ٹاؤن۔لاہور

فون نمبر: 042-35869501-3 email: maktaba@tanzeem.org


© rasailojaraid.com